# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: معلم انسانیت خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب

## تحریکی سر گرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔
- نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے متعلق سوالات کی پرچیاں تیار کریں۔
- بچوں کے دو گروہ بنادیں۔ ہر گروہ کو ایک گھنٹی دیں۔
- پرچیوں میں سے ایک پرچی کھولیں اور اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔
- جو گروہ پہلے گھنٹی بجائے اسے جواب دینے کا موقع دیں۔
- ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔
- درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیا جائے۔
- اس طرح یہ سر گرمی باقی سوالات پر بھی کریں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ یہ کھیل جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں سے پوچھیں۔
  (الف) معلّم کسے کہتے ہیں؟ (ب) کائنات کے سب سے بڑے معلم کون ہیں؟
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 13 کھولنے کا کہیں اور موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو سبق معلم انسانیت خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے ""تلفظ سیکھیں"" کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کریں اور بلند خوانی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔
- بچوں کی سبق میں ذہنی طور پر آمادگی کے لیے انھیں بتائیں:
- آپ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی بعثت سے قبل عرب میں جہالت، شرک، بت پرستی عام تھی۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کو اللہ تعالیٰ نے جہالت اور ظلم کو مٹانے کے لیے مبعوث فرمایا۔

- بچوں کو بتائیں کہ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کو بہ حیثیت معلم بھیجا گیا کیونکہ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ میں ایک استاد کی تمام خوبیاں موجود تھیں بلکہ بڑھ کر تھیں۔
- اس کے بعد متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کر لیں۔
- پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔
- سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہوں۔
- اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔
- اس طرح سبق کی صفحہ نمبر 13 سے پڑھائی مکمل کروائیں۔

**اعادہ:**(3 منٹ) بچوں کو جماعت میں پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر سبق میں سے مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:**(2 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: معلم انسانیت خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹ ز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، مشکل الفاظ پر مشتمل پرچیاں، ٹوکری

## تحریکی سر گرمی: (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- صفحہ نمبر 14 کے متن میں موجود مشکل الفاظ کی پرچیاں بنا کر ٹوکری میں رکھ لیں۔
- تمام پرچیاں ایک ٹوکری میں ڈال کر جماعت میں لے آئیں۔
- جماعت کے دو گروہ بنالیں دونوں گروہوں کو گروہ 'الف' اور گروہ 'ب' کا نام دیں۔
- اب دونوں گروہوں کے بچوں کو باری باری بلائیں۔
- اور کہیں ایک ایک پرچی کھول کر اس پر لکھے الفاظ کی بلند آواز میں پڑھائی کریں۔
- درست تلفظ سے پڑھنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بھی بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار:(25منٹ)

- بچوں کے گروہ بنائیں۔
- متن کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔
- مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- اب ہر گروہ سے دو، دو لائنوں کی خواندگی کروائیں۔اس سر گرمی کے لیے ان بچوں کو انتخاب کریں جو کمرا جماعت میں ہونے والی سر گرمیوں سے کتراتے ہوں۔
- جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقت پیش آئے تو اس کی اساتذہ رہ نمائی کریں۔
- دوران پڑھائی بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں۔
- بچوں کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے متن کے حوالے سے مختلف سوالات کریں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے مختلف سوالات کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت : چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: معلم انسانیت خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹز اُردو جماعت چہارم کی کتاب۔ گتے کا ڈبا، رنگ دار کاغذ، چارٹ پیپر کے پھول اور پتیاں، الفاظ کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی: (5منٹ)**

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- نئے الفاظ کے معانی کی سرگرمی کے لیے کسی خالی ڈبے پر رنگدار کاغذ لپیٹ کر ڈبا تیار کر لیں۔ اس ڈبے پر لکھیں لفظی جیب۔
- اب اس ڈبے میں الفاظ کی پرچیاں بنا کر ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا دیں۔
- لفظی جیب باری باری ہر جوڑی کے سامنے کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ایک پرچی اٹھائیں۔
- اب پرچی کھولیں اور اس پر لکھے لفظ کا معنی بتائیں۔
- جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے گا اور اس کا معانی بتائے گا۔ اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:(25منٹ)**

- بچوں سے پوچھیں کہ الفاظ کے معانی اور مفہوم سے آگاہی کیوں ضروری ہے۔
- اگر الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم معلوم نہ ہو تو انسان کو کس پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
- بچوں کے جوابات لیں۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں ''الفاظ'' دوسرے میں ''معانی'' اور تیسرے میں ''جملے'' لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں صفحہ نمبر 12 میں دیے الفاظ میں سے ایک لفظ ''سامعین'' لکھیں۔
- بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔
- اسی طرح یہ مشق باقی الفاظ پر بھی کریں۔ ادراک، حکمت، حامل، استعداد۔
- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے۔
- جو بچہ اپنا ہاتھ بلند کرے اُسے بتانے کا موقع دیں۔ معانی کے ساتھ ہی اس لفظ کا جملہ بھی بنوائیں۔
- اب الفاظ اور اس کے معانی کو چارٹ پیپر کے بنے ہوئے پھول اور پتوں پر لکھ لیں۔
- الفاظ کو پھولوں اور معانی کو پتوں پر لکھ لیں۔
- جماعت کے بچوں میں یہ پھول اور پتے تقسیم کر دیں۔
- اب ان پتوں اور پھولوں کی مدد سے الفاظ معانی کو شناخت کروانے کی سرگرمی کروائیں۔

| |
|---|
| • باری باری پھولوں والے بچے اپنا اپنا لفظ بتائیں اور جن بچوں کے پاس ان کے معنی والے پتے ہوں۔<br>• وہ ان کے پاس جا کر کھڑے ہو جائیں۔<br>• اب استاد ان پھولوں اور پتوں کو بچوں کی مدد سے بورڈ پر چسپاں کریں۔<br>• اس کے بعد الفاظ کے جملے بنوانے کے لیے بچوں سے کاپیاں کھلوائیں اور الفاظ، معانی اور جملے لکھوائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے ان کے مطلب پوچھیں۔ |
| **گھر کا کام:** (5 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

| الفاظ | معانی | جملے |
|---|---|---|
| سامعین | | |
| ادراک | | |
| حکمت | | |
| آراستہ کرنا | | |
| استعداد | | |
| مقصد عظیم | | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: معلم انسانیت خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کارڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- نظم سے متعلق سوالات اور جوابات کے الگ الگ کارڈ بنائیں اور انھیں بچوں میں تقسیم کریں۔
- اب بورڈ پر سوالات اور جوابات کے دو کالمز بنائیں۔
- جن بچوں کے پاس سوالات ہیں ان سے ہاتھ بلند کروائیں۔
- اب باری باری ان سے سوالات دہرانے کے لیے کہیں اور ہدایت دیں کہ وہ سوالات والے کالم کے پاس کھڑے ہوتے جائیں۔
- تمام سوالات مکمل کرنے کے بعد باری باری ان بچوں سے اپنے اپنے کارڈ پر لکھے سوال پڑھنے کو کہیں۔
- تمام بچے غور سے سوال سنیں اور جس بچے کے پاس اس کا درست جواب ہو وہ سوال کے اختتام پر اس بچے کے پاس جا کر کھڑا ہو جائے اور اپنا جواب پڑھے۔
- اسی طرح تمام سوالات کے جوابات کی خواندگی کروائیں۔

## تدریسی طریقہ کار:(25منٹ)

- بچوں کو بتائیں آج ہم سبق معلم انسانیت خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے متعلق سوالات و جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کے چار گروہ بنائیں۔ ہر گروہ کو چارٹ سے بنی ایک ٹوکری دیں۔
- اس پر سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات لکھے ہوں اور ان کے جوابات لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- چاروں گروہوں کو ہدایت دیں کہ وہ ٹوکری پر لکھے سوالات پڑھیں اور پھر باہمی مشورے سے ان کے جوابات لکھیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی جگہ چھوڑ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ایک، ایک بچے کو بلائیں اور ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی ٹوکری آئی ہے وہ سوال بورڈ پر تلاش کر کے اس کے نیچے جواب لکھیں۔
- درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اب بورڈ پر تمام سوالات کے جوابات لکھیں۔
- بچوں سے سوالات و جوابات کی خواندگی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر اپنی کاپیوں میں لکھیں۔

| |
|---|
| • اس دوران ان کی نگرانی کریں۔<br>• انھیں جہاں مدد کی ضرورت ہو فراہم کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ کر متفرق بچوں سے ان کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

سوال نمبر ا: کس لفظ سے نبوت کا آغاز ہوا؟

سوال نمبر ۲: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کی بعثت سے قبل عربوں کے کیا حالات تھے؟

سوال نمبر ۳: ذہنی اعمال سکھانے کے لیے حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کون سا طریقہ اختیار فرماتے؟

سوال نمبر ۴: حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ صحابہ کرام کو تعلیم دیتے وقت کن چیزوں کو مد نظر رکھتے؟

سوال نمبر ۵: دوسروں کی تعلیم و تربیت کرنے کے لیے استاد میں کس جذبے کا ہونا ضروری ہے؟

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: معلم انسانیت خَاتَمُ النَّبِيِّیْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹر ز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، گیند

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے چار گروہ بنادیں۔
- ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو گیند دیں۔
- خود تالی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔
- اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔
- اچانک تالی بجانا بند کریں۔
- اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو گی۔ اس بچے سے سوال نمبر 1 میں دیے ہوئے سوالات میں سے ایک سوال پوچھیں۔
- بچہ اس سوال کا جواب دے گا۔
- درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیا جائے گا۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر کروائیں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار:(25منٹ)

- مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کے پانچ کارڈز اس طرح بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے چار چار ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ چار چار جوابات لکھے ہوں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں۔
- ہر گروہ کو ایک ایک کارڈ دے دیں۔
- انھیں مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور باہم مشورے سے اس جواب پر دائرہ لگائیں۔
- اس دوران بورڈ پر تمام سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی کارڈ ہو گا، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔

- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح یہ سر گرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- سوال نمبر 3 کی سر گرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت کے دو گروہ بنالیں۔
- ایک گروہ کو 'الف' اور دوسرے گروہ کو 'ب' کا نام دیں۔
- گروہ الف کو کالم الف پر مشتمل جملوں کی پرچیاں دیں۔
- گروہ ب کو کالم ب پر مشتمل جملوں کی پرچیاں دیں۔
- اب کالم الف کے بچوں سے کہیں کہ وہ پہلے ادھورے جملے کو پڑھیں۔
- اس کے جواب میں اسی جملے کا باقی حصہ دوسرے گروہ کے جس بچے کے پاس ہوگا۔ وہ کھڑا ہو جائے اور باقی جملہ پڑھ کر جملہ مکمل کرے۔
- اس سر گرمی کے بعد بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
- کتاب کا کام مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) کالم الف اور ب بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے کالمز ملوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: معلم انسانیت خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ | | |

**مقاصد:** سبق سن کر اپنے الفاظ میں سنا سکیں۔
سن کر صحیح اور غلط تلفظ میں فرق کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی:

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو دائروں میں بٹھائیں۔ اور انھیں سبق کا خاموشی سے مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- اس کے بعد متفرق بچوں سے سبق سے متعلق سوالات کے جوابات پوچھیں۔
- درست جواب دینے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- سوال نمبر 4 کی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں سے سبق سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو بتائیں حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہے۔
- آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کی بعثت سے پہلے یہ دنیا جہالت اور گمراہی میں ڈوبی ہوئی تھی۔ شرک، بت پرستی، نفرت ہر طرف عام تھی۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کو اللہ تعالیٰ نے بہ حیثیت معلم بھیجا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کا خطبہ دینے کا طریقہ نہایت سادہ تھا۔ دینی اعمال وغیرہ سکھانے کے لیے آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ عملی طریقہ اختیار کرتے۔

غرض یہ کہ بہ حیثیت معلم آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ نے تہذیب و تمدن سے محروم قوم کو زیور تعلیم سے آراستہ کر کے مہذب ترین قوم بنا دیا وغیرہ۔

- اب بچوں سے کہیں کہ وہ آپس میں اس موضوع پر بات چیت کریں۔
- اور مختلف واقعات کی روشنی میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔
- اس کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد دنوں گروہوں کے بچوں کو باری باری موضوع سے متعلق اظہار خیال کا موقع دیں۔
- تیسرے گروہ کے بچوں کو ان کی گفتگو سن کر ان کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے اس کی خوبیاں بتانے کی ہدایت دیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- ایک خالی ڈبا لیں اور اس پر ایک رنگ دار کاغذ لپیٹ لیں۔ اس پر لکھیں 'لفظی جیب'۔ سبق میں دیے گئے مشکل الفاظ کی ایک صحیح اور دوسری غلط اعراب کے ساتھ پرچیاں بنائیں۔
- بچوں کی جوڑیاں بنائیں۔

| |
|---|
| • ہر جوڑی کو ایک ایک پرچی دیں اور ہدایت دیں کہ ان الفاظ میں صحیح تلفظ والے لفظ پر دائرہ لگائیں۔<br>• اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد جوڑی کو بورڈ پر بلا کر ان کے پاس موجود لفظ کو صحیح تلفظ سے پہلے بلند آواز میں پڑھوائیں پھر بورڈ پر لکھوائیں۔<br>• درست کام کرنے والی جوڑی کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:** (۳ منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (۵ منٹ) سوال نمبر 5 میں دیے گئے الفاظ کو بلند آواز سے پڑھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (۲ منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے آنی ہے۔ |

## ورک شیٹ

دیے گئے الفاظ میں درست تلفظ والے الفاظ پر دائرہ لگائیں۔

| | |
|---|---|
| حِکمت | حکمت |
| اَدراک | اِدراک |
| عمل | عمل |
| تحمُّل | تحمَّل |
| نَبوت | نُبُوت |
| بِعثَت | بَعثَت |